الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز 1 نومبر 2022

میڈیا کوآرڈینیشن اور آؤٹ ریچ ونگ ای سی پی



الیکشن کمیشن کا فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی راولپنڈی میں عام انتخابات 2023 کے لئے خواتین سٹوڈنٹس کے ساتھ ووٹر آگاہی ورکشاپ

ترجمان ای سی پی ہارون شنواری، ڈپٹی ڈائریکٹر ظل ہما اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر راولپنڈی راؤ سلطان نے فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راول پنڈی کا دورہ کیا اور طالبات کو عام انتخابات 2023 میں خواتین کے ووٹ کاسٹ کرنے کی اہمیت اور جمہوریت کو مضبوطی بنانے کے لئے طالبات اور اساتذہ کے اہم کردار سے آگاہ کیا۔ ورکشاپ میں طالبات اور فیکلٹی ممبران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اپنے خطبہ استقبالیہ میں شعبہ بین الاقوامی تعلقات کی محترمہ نور نے نوجوانوں، خواتین اور معاشرے کے تمام پسماندہ طبقوں کو انتخابی عمل کے  مرکزی دھارے میں لانے کے لیے ECP کو سراہا۔ محترمہ زظل ہما نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے اگلے عام انتخابات میں خواتین ووٹر ٹرن آؤٹ بڑھانے کے لیے کیے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ جناب راؤ سلطان ڈی ای سی راولپنڈی نے طلباء کو بلدیاتی نظام کے بارے میں بتایا۔ آخر میں سیشن میں شرکت کرنے والے طلباء میں شرکت کے سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔ IR ڈپارٹمنٹ کی فائزہ ادریس نے بھی طلباء کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ ECP کا پیغام اپنے دوستوں اور خاندان تک پہنچا دیں۔ ECP نے جنوری 2021 سے طلباء کی آگاہی کے سیشنز کا آغاز کیا ہے اور اس طرح چاروں صوبوں اور اسلام آباد میں 400 طلباء کے لیے آگاہی اور تعلیمی ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ طلباء کی یہ ورکشاپس عام انتخابات 2023 تک جاری رہیں گی جن کا مقصد خواتین کی ووٹنگ پر خصوصی توجہ کے ساتھ ساتھ تمام ووٹرز ،نوجوان ،معذور افراد، خواجہ سرا  اور دوسرے محروم طبقات کی انتخابی عمل میں بھرپور پور شرکت کو یقینی بنانا ھے۔